## سوال

خواب کے تعبیر

## جواب

خواب میں جنتی لڑکوں سے بات کرنا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ جنت سے کچھ جوان لڑکے زمین پر آئے ہیں اور انہوں نے سفید احرام باند ہے ہوئے ہیں۔ اور میں ان کے ساتھ مجلس میں بیٹھ کے باتیں کر رہا ہوں، آپ مہربانی کر کے اس خواب کے تعبیر بتا دیں، اور آخر میں آپ کو ایک بات بتا دوں کہ 10 سال پہلے مجھے شدیدی کینسر ہوا تھا۔ ان 10 سالوں میں میں نے بہت تکلیف و پریشانی دیکھی ہے جو میں آپ کو بتا نہیں سکتا ہوں۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس خواب کی صحیح تعبیر تو ماہرین ہی بتا سکتے ہیں، لیکن اس سے جو میں سمجھا ہوں وہ شاید یہی ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالی نے بیماری کے بدلے میں آپ کے گناہوں کو معاف کر دیا ہے، اور اس خواب کے ذریعے آپ کو جنت کی بشارت دی ہے۔ آپ کو چاہیئے کہ آپ اس بشارت سے اپنے آپ کو اللہ کے زیادہ سے زیادہ قریب کرنے کی کوشش کریں، اور بقیہ زندگی اللہ کے نیک اور فرمانبردار بندے بن کر رہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی